21875 ـ قرآن مجید میں لفظ جلالہ (اللہ) امتیازی رنگ میں پرنٹ کرنے کا حکم

سوال

بعض اوقات دیکھا جاتا ہے کہ لفظ جلالہ (اللہ) یا اسمائے حسنی میں سے کوئی اور نام یا ضمیر قرآن مجید میں امتیازی رنگ (سرخ) میں پرنٹ کیا ہوتا ہے، کیا اس کا کوئی سبب ہے یا کہ اسے بدعت شمار کیا جائیگا یا نہیں ؟ کیا کوئی تجویدی قاعدہ یا سنت میں کوئی ایسی حدیث ملتی ہے جو مسلمان شخص کو یہ دعوت دیتی ہو کہ قرآن مجید کی تلاوت کرتے وقت لفظ جلالہ کی طرف متنبہ ہونا چاہیے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس کی کوئی دلیل نہیں، واجب یہی ہے کہ قرآن مجید کے سارے حروف ایك ہی رنگ کے ہوں، یہ بدعت ہے جو مصاحف میں ایجاد کر لی گئی ہے.